Question Paper Serial No.

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

02. 08. 2024

Tear here

**CCE-III-RR/PR/NSR/NSPR(B)/222/9207**

**B**

**ಆಗಸ್ಟ್ 2024 ರ ಪರೀಕ್ಷೆ-3**

**AUGUST 2024 EXAMINATION-3**

# CCE RR/PR/ NSR/NSPR Reduced Syllabus

ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 12 ]
Total No. of Printed Pages : 12 ]

ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 45 ]
Total No. of Questions : 45 ]

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 12-U**
**Code No. : 12-U**

# ವಿಷಯ : ಪ್ರಥಮ ಭಾಷೆ – ಉರ್ದು

# Subject : FIRST LANGUAGE - URDU

**(ಶಾಲಾ ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಖಾಸಗಿ ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಎನ್.ಎಸ್.ಆರ್. / ಎನ್.ಎಸ್.ಪಿ.ಆರ್.)**
**(Regular Repeater / Private Repeater / NSR / NSPR)**

ದಿನಾಂಕ : 02. 08. 2024 ] [ Date : 02. 08. 2024

ಸಮಯ : ಬೆಳಗ್ಗೆ 10-15 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ್ನ 1-30 ರವರೆಗೆ ] [ Time : 10-15 A.M. to 1-30 P.M.

ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 100 ] [ Max. Marks : 100

**Cut here/ಇಲ್ಲಿ ಕತ್ತರಿಸಿ**

## عام ہدایات :

1. سوالی پرچہ میں کُل 45 سوالات ہیں۔
2. اس سوالی پرچہ کو ریورس جیکٹ سے سربمہر کردیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا (تیر کے نشان کی اتّباع کیجئے)۔ پرچہ کھولنے کے لئے دائیں طرف سے نہیں کاٹنا ہے۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالی پرچہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔
3. سوالات کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔
4. بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔
5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالی پرچہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔
6. آپ کو مہیا کیا گیا سوالیہ پرچہ کا ورشن (Version) اور آپ کے ہال ٹِکٹ میں شائع کیا گیا۔ سوالیہ پرچہ کا ورشن (Version) دونوں ایک ہی ہونا ضروری (لازمی) ہے۔

**I.** درجِ ذیل سوالات کے چار متبادل جواب دیئے گئے ہیں۔ صحیح جواب منتخب کر کے لکھئے : **6 x 1 = 6**

1. معنی کے لحاظ سے جملے کی قسمیں ہیں۔

(A) دو (B) تین

(C) چار (D) پانچ

2. جس جملے میں مسند اور مسند الیہ اسم ہو وہ جملہ، کہلاتا ہے۔

(A) جملۂ مفرد (B) جملۂ مرکب

(C) جملۂ اسمیہ (D) جملۂ خبریہ

3. ''سمجھ کر پڑھا کرو، ورنہ فیل ہو جاؤ گے۔'' قواعد کے لحاظ سے یہ جملہ کہلاتا ہے۔

(A) سببی (B) تردیدی

(C) وصلی (D) استدراکی

4. کلام میں کسی واقعہ، قصّہ یا روایت کی طرف اشارہ کرنا کہلاتا ہے۔

(A) صنعتِ طباق (B) صنعتِ استعارہ

(C) صنعتِ تکرار (D) صنعتِ تلمیح

5. صنعتِ تضّاد کا ایک اور نام ہے۔

(A) صنعتِ طباخ (B) صنعتِ تباق

(C) صنعتِ طباق (D) صنعتِ اتباع

6. غزل کا آخری شعر جس میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرتا ہے، کہلاتا ہے۔

(A) مقطع (B) مطلع

(C) بیتُ الغزل (D) حُسنِ مطلع

**II.** پہلے دولفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے : **4 x 1 = 4**

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 7. | آغاز | : | انجام | : : | آقا | : ......... |
| 8. | قول | : | کہی ہوئی بات | : : | خول | : ......... |
| 9. | بےوفا | : | سابقہ | : : | وفادار | : ......... |
| 10. | زہاد | : | زاہد | : : | محافل | : ......... |

**III.** درجِ ذیل سوالات کے جواب ایک جملے میں لکھئے : **7 x 1 = 7**

11. آدا جعفری نے بدایوں کی خیریت کس سے دریافت کی ؟

12. بدایوں کے مشہور زمیندار خاندان کا نام کیا تھا ؟

13. الیکشن کی کونسی میٹنگ باقی تھی ؟

14. خسرو کے پیر و مُرشد کا نام کیا تھا ؟

15. اخلاق کے موتی کس نے برسائے ؟

16. نظم رشوت میں جوشؔ ملیح آبادی نے اپنی بستی کو کن لوگوں کا پاگل خانہ کہہ رہے ہیں ؟

17. اللہ تعالیٰ کی کس صدا سے دُنیا وجود میں آئی ؟

**IV.** درجِ ذیل سوالات کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھئے : **10 x 2 = 20**

18. نویں ذی الحجہ کو عازمینِ حج نے کیا کِیا ؟

19. غلام اور خدام کے حُسن سُلوک کے بارے میں آپ ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا ؟

20. بدایوں پہلے کیسا شہر تھا ؟

21. پطرس بخاری کا پورا نام کیا ہے اور ان کا روزانہ جاگنے کا معمول کیا تھا ؟

22. مصنف کو جب پتہ چلا کہ صبح کے تین بجے ہیں تو ان کے دل نے کیا چاہا ؟

23. آپ ﷺ کی آمد سے قبل دُنیا کا کیا عالم تھا ؟

24. حضرت اِمام حسینؓ کے رختِ سفر باندھتے ہی کونسا منظر سامنے آیا ؟

25. نسلِ آدم کو اللہ نے آزادی دی مگر زمینی لکیروں ( سرحدوں ) سے اس کی زندگی میں کیا تبدیلی آئی ؟

26. جوشؔ ملیح آبادی کے مطابق رشوت نہ لینے سے کیا نقصان ہوتا ہے ؟

27. شادؔ عظیم آبادی نے رُباعی میں کونسی حقیقت بیان کی ہے ؟

**V.** درجِ ذیل سوالات کے جواب تین یا چار جملوں میں لکھئے : **11 x 3 = 33**

متن کے حوالے سے جملوں کی وضاحت کیجئے :

28. ''اے خُدا تو گواہ رہ۔''

29. ''پھر سارا دیش ہمارے محلے جیسا کیوں نہ بنے۔''

30. ''آپ سحر خیز ہیں ذرا ہمیں بھی صبح جگا دیا کیجئے۔''

درجِ ذیل نثر نگار کا تعارف لکھئے :

31. سید سلیمان ندوی

درجِ ذیل شاعر کا تعارف لکھئے :

32. میر انیسؔ

درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے :

33. آغوش میں ساحل کے، کیا لطفِ سکوں اس کو
یہ جان ازل ہی سے، پروردۂ طوفاں ہے

34. یہ جنّت مبارک رہے زاہدوں کو
کہ میں آپ کا سامنا چاہتا ہوں

35. سب کا تو مداوا کر ڈالا، اپنا ہی مداوا کر نہ سکے
سب کے تو گریباں سی ڈالے، اپنا ہی گریباں بھول گئے

درجِ ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کرو :

36. (i) خطا

(ii) صورت

(iii) خبر

37. مفرد جملہ کی تعریف مع مثال لکھئے۔

38. صنعتِ تکرار کی تعریف بیان کرتے ہوئے مثال لکھئے۔

یا

صنعتِ استعارہ کی تعریف مع مثال لکھئے۔

VI. درجِ ذیل سوالات کے تفصیلی جواب لکھئے : 5 x 4 = 20

39. اپنی نصابی کتاب میں شامل 'حمد' یا 'نعت' کے ابتدائی چار اشعار لکھئے۔

**کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے :**

40. (i) جگنو (ii) سرحدوں کا جال

41. بحث کیجیے – ''پنڈت جواہر لال نہرو اُردو کے سچّے دوست تھے۔''

42. امیر خسرو کی شاعرانہ اور فنکارانہ صلاحیتوں کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟

یا

ودیا چرن جی نے آپریشن کے بعد کی تقریر میں بھارت کے متعلق کیا کہا ؟

43. **درجِ ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور نیچے دئے گئے سوالات کے جوابات لکھیے :**

سلطان محمود بہت نیک بادشاہ تھا۔ اس کے کئی نوکر تھے۔ ایک نوکر کا نام ایاز تھا۔ سب نوکر اس بات سے جلتے تھے کہ ایاز کو بادشاہ بہت چاہتے تھے۔ ایک دن نوکروں نے سلطان سے کہا ''باشاہ سلامت، ایاز جس چارپائی پر سوتا ہے اُس کے نیچے ایک صندوق ہے جسے روزانہ ایاز کھول کر دیکھتا ہے۔'' بادشاہ نے ایاز کو صندوق کے متعلق پوچھا تو ایاز نے صندوق منگوا کر بادشاہ کے ہاتھ میں کنجی دی۔ بادشاہ نے

خود اپنے ہاتھوں سے صندوق کھول کر دیکھا تو اس میں پھٹی پُرانی چیزیں تھیں۔

سلطان نے پوچھا،"ایاز یہ کیا ہے ؟" ایاز نے جواب دیا،"یہ میری پرانی زندگی کی یادیں ہیں جسے میں روزانہ تازہ کرتا ہوں تا کہ تکبّر سے دور رہوں اور خدا کا شکر کروں۔" بادشاہ خوش ہو کر ایاز کو انعامات سے نوازتا ہے۔

سوالات :

(i) نوکروں نے سلطان سے کیا کہا ؟

(ii) ایاز نے سلطان محمود کو کیا جواب دیا ؟

**VII. خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درجِ ذیل خُطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے :** **1 x 5 = 5**

44. اپنے میر معلّم/معلّمہ کے نام ایک خط لِکھو جس میں اپنے بھائی/بہن کی شادی کے موقعہ پر دو دن کی چُھٹّی کے لئے درخواست کی گئی ہو۔

یا

اپنے دوستؔ/سہیلی کے نام ایک خط لِکھو جس میں امتحانات کی تیاری کا ذکر ہو۔

**VIII.** کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے : **1 x 5 = 5**

45. (i) جہیز ایک لعنت

یا

(ii) چندرایان سوم

DO NOT WRITE ANYTHING HERE